**11/03/2026**

**07.40 /PM**

**<u>ہیڈ لائنز</u>**

*** ....... صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے پانی کو آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھنے کی ضرورت پر دیا زور ۔**

*** ....... وزیر اعظم نریندرمودی نے کیرلا میں گیار ہزار کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف۔**

*** ....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مختلف ریاستوں اور یوٹیز میں موجود جموں کشمیر کے اثاثوں کی تجدید نو اقدامات کا لیا جائزہ۔**

*** ....... ملک میں تیل کا وافر سٹاک موجود // بلیک مارکیٹنگ اور ذخیرہ اندوزی میں ملوث لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مرکزی سرکار کا فیصلہ۔**

**<u>صدر جمہوریہ</u>**

**صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ پانی کی بچت کرنا ہر شہری کافرض ہے ۔ انہوننے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ پانی کو ایک بیش قیمتی خزانہ سمجھیں،جسے آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھاجانا چاہئے ۔ صدر جمہوریہ نے آج نئی دلی میں جل مہو تسو 2026تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے سبھی لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایک پائیدار مستقبل کی خاطر پانی کی بچت کو طرز زندگی کا حصہ بنائیں۔**

**<u>مودی</u>**

**کیرلا میں آج لگ بھگ گیارہ ہزار کروڑ روپے لاگت Ernakulam وزیر اعظم نریندر مودی نے والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا ۔ان پروجیکٹونمیں کوچی یونٹ بھی شامل ہے۔Polypropylene آف بھارت پیٹرولیم کار پوریشن لمٹیڈ کاRefinery**

**وزیر اعظم نے وہاں ایک عوامی ریلی سے بھی خطاب کیا۔**

**<u>وزیر اعظم</u>**

**حکومت ملک میں ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کو NDA وزیر اعظم نریند رمودی نے کہا ہے کہ سبھا کی گولڈن جبلی تقریبات Dheevara یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔کوچی میں آج اکھیلا کیرلا سے خطاب کرتے ہوئے ۔ انہوننے کہا کہ مرکزی سرکار نے فشریز کیلئے ایک الگ وزارت قائم کی اور اس طبقے کو مین سٹریم میں لانے کیلئے کئی اقدامات کئے گئے۔**

## عمر عبداللہ

نئی دلی اور ممبئی Dwarka وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آجنئی دلی میں ایک میٹنگ کے دوران ہاؤسز سے متعلق منصوبوں کے ساتھ ساتھ مختلف ریاستوں اور JK میں تعمیر ہونے والے نئی یوٹیز میں موجود جموں کشمیر حکومت کے اثاثونکی تجدیدی کاموں کاجائزہ لیا۔ انہوننے کہا کہ ہاؤسز میں جموں کشمیر کی منفرد ثقافت اور شناخت کی عکاسی ہونی JK نئے تعمیر ہونے والے چاہیے۔

وزیر اعلیٰ نے ان پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا تاکہ جموں کشمیر کے افسروں ، طلباء، مریضوں اور وہاں جانے والے جموں کشمیر کے دیگر باشندوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب ہو سکیں ۔اس سے پہلے ریذڈنٹ کمشنررمیش کمار نے وزیر اعلیٰ کو ریذڈنٹ کمشنر کی زیر نگرانی مختلف سرکاری جائیدادوں کے بارے میں تفصیل سے جانکاری دی ۔

## کھنڈیلوال

کے ممبر پارلیمنٹ اور کنفیڈریشن آف آل انڈیا ٹریڈرس کے جنرل سیکریٹری پروین کھنڈیلوال BJP نے کہا ہے کہ ملک میں تیل کا وافر سٹاک موجود ہے اور اس تعلق سے فکر مندہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ ایندھن کی بلیک مارکیٹنگ اور ذخیرہ اندوزی میں ملوث لوگوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

## ستیش شرما

خوراک سول سپلائز اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے جموں کشمیر میں پیٹرولیم کی سپلائی اور سٹاک پوزیشن کا جائزہ لیا۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں۔

## پرتیک شرما

نادرن کمانڈ کے کمانڈر لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما نے سرینگر اور نگروٹہ کا دورہ کر کے سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوننے فوجی افسران کو اُبھرتی ہوئی سکیورٹی صورتحال کے حوالے سے صحیح لائحہ عمل اپنانے پر زور دیا۔ لیفٹننٹ جنرل نے امن و امان قائم رکھنے کےلئے ٹھوس اقدامات کرنے پر بھی افسروں پر زور دیا۔

**کشمیر تیل**

ادھر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وادی میں13دنوں کے لئے LPG سٹاک اور پندرہ دنوں کےلئے پیٹرول اور ڈیزل کا سٹاک موجود ہیں۔ انہوںنے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ غیر ضروری ذخیرہ اندازوں سے اجتناب کریں۔

**سکینہ**

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج Kharote کھٹوعہ میں ایک کروڑ67لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کئے گئے پرائمری ہیلتھ سینٹر کو عوام کے نام وقف کیا۔ اس موقعے پر انہوںنے کہاکہ اس ہیلتھ سینٹر کی بدولت علاقے کے لوگوں کو علاج و معالجے کی بہتر سہولیات دستیاب ہوں گی۔

**رانا**

ماحولیات اور جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے Qasab مینڈھر پونچھ میں ایک ہیلی پیڑ کی تعمیرسے متعلق منصوبہ منظور کرنے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا ہے کہ تین کروڑ 35لاکھ روپے کی لاگت والے اس پروجیکٹ سے لائن آف کنٹرول پر سرحدی علاقے میں اہم بنیادی ڈھانچے کو تقویت حاصل ہوگی۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں جاری غیر قانونی کان کنی پر قابو پانے کیلئے کئے جا رہے اقدامات اور مائنگ کے سیکٹر میں اصلاحات کا جائزہ لیا۔ انہوننے محکمے کو ہدایت دی کہ وہ تمام اصلاحات کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائینتاکہ غیر قانونی کان کنی کا قلع قمع کیا جا سکے ۔ اس موقعے پر مزید بتایاگیاکہ مائنگ سیکٹرسے جمونکشمیر کو 2026کے پہلے دو مہینوں کے دوران ایک ارب37کروڑ روپے کی آمدن حاصل ہو ئی ہے۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن AIR اور DTH پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.co پر بھیج سکتے ہیں۔

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

## رمضان

رمضان المبارک کا تیسرا عشرہ آج سے شروع ہوا۔آج امیر المومنین شاہ ولایت حضرت علیٰ مرتضیٰ کرم اللہ تعالی وجہو کا یوم شہادت بھی ہے ۔ اس سلسلے میں وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں دینی مجالس کا اہتمام ہوا ۔ جس دوران علماءنے حضرت علی (ک) کی سیرت پاک بیان کی ۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقدہوا ، جہاں آج نماز پنجگانہ کے بعد لوگ موئے مقدس آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ ۔

حضرت علی(ک) کی سیرت پاک کے تعلق سے معروف عالم دین اور دینی بزرگ مولانا غلام محی الدین نقیب نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## خراج

اس دن کی مناسبت سے آثار شریف شہری کلاشپورہ میں بھی منعقد ہوئی جہاں جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا مولوی رےاض احمد ہمدانی نے شاہ ولاےت کی تارےخ ساز اسلامی خدمات اور اُن کے علمی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی۔

کعبہ مرگ ، لال بازار ، پنجورہ شوپیان، کھرم سرہامہ ، مکہامہ بیوروہ ، اہم شریف بانڈی پورہ اور دیگر زیارت گاہوں پر تقریبات منعقد ہوئیں اور تبرکات کی نشاندہی کی گئی۔

## تقریب

شاہِ وِلایت حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہو کی یوم شہادت کے تعلق سے آجخندہ بھون نوا کدل سرینگر میں بھی ایک دینی مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس دوران وادی کے مشہور خطیب مولانا شوکت حسین کینگ قادری نے صدارتی خطبہ پیش کیا جبکہ مفتی عبدالحمید نعیمی امام و خطیب آستان عالیہ حضرت سید منصور شاہ صاحب سرینگر نے حضرت علی کی سیرت پاک پر روشنی ڈالی۔ تقریب پر نظامت کے فرائض اعجاز احمد مچامی نے انجام دیئے۔

## کر گل

فاؤنڈیشن کے اشتراک سے21ویں رمضان  Smile ویلفیر سو سائٹی نے آجJKغیر سرکاری تنظیم المبارک کی مناسبت سے ایک دینی مجلس کا انعقاد کیا جس دوران حضرت علی (ک) کی سیرت پاک پر روشنی ڈالی گئی۔

ادھر کر گل میں بھی آج پورے مذہبی جوش و خروش کے ساتھ حضرت امام علی علیہ سلام کے یوم شہادت کی مناسبت سے دینی مجالس کا انعقا د کیا گیا۔ ہمارے کر گل کے نمائندے عنایت علی

نے خبر دی ہے کہ ان مجالس میں کا فی تعداد میں عزاداروں نے شرکت کی اور شاہ ولایت کو خراج عقیدت ادا کیا۔

<u>**ٹولپ گارڈن**</u>

سرینگر میں ایشیاءکا سب سے بڑا ٹولپ گارڈن جسے اندرا گاندھی میموریل ٹولپ گارڈن کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کو سیاحوں کیلئے 16مارچ سے کھولا جائےگا۔پچھلے برس 8لاکھ 55ہزار سے زائد سیاحوں نے باغ گلِ لالہ کی سیر کی تھی۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر فلوری کلچر کشمیر **Mat Hoora**

نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا **Masoom-**

اس سال بھی سیاحوں کی آرام وآسائش کیلئے کئی سہولیات دستیاب رکھی جا رہی ہیں۔
ڈائریکٹرموصوفہ نے اس حوالے سے جانکاری دیتے ہوئے کہا۔

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانا ت پر مبنی خبریں۔

<u>**NC**</u>

نیشنل کانفرنس کے جنرل سکریٹری علی محمد ساگر نے آج گرلز ہائر سکنڈر سکول نشاط کی نئی عمارت کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت جمونو کشمیر میں تعلیم اور صحت کے شعبے کو دوام بخشنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کی طرف بھی توجہ دی جا رہی ہے۔

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کا ایک اجلاس آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت منعقد ہوا جبکہ اس موقعے پر پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔اس موقعے پر مقررین نے زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین کے رول کو اُجاگر کا۔ صوبائی صدر انجینئر صبیہ قادری بھی اس موقعے پر موجود تھیں۔

<u>**ست شرما**</u>

جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں جمونکشمیر **BJP** میں روڈ سیفٹی سے جڑے معاملات کو اجا گر کرتے ہوئے مرکزی سرکار سے اس خطے میں قومی شاہراؤں کے ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا۔

اور دیگربنیادی ڈھانچہ نہ **Crash Barriers** ست شرما نے کہا کہ جمونکشمیر کے قومی شاہراہ ہونے کی وجہ سے متاثر ہو رہے ہیں۔

**شاہین**

**جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج مختلف علاقوں سے آئے ہوئے متعدد عوامی وُفود کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔**

**جی ایم شاہین نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان مسائل کو متعلقہ حکام تک زور دار طریقے پر اُٹھایا جائے گا۔**

**پارلیمنٹ**

**لوک سبھا میں آج اسپیکر اوم برلا کو عہدے سے ہٹانے سے متعلق حزب اختلاف کی قرار داد پر کے روی شنکر پرساد نے کہاکہ حزب BJP بحث دوبارہ شروع ہوئی . بحث میں حصہ لیتے ہوئے اختلاف نے یہ قرار داد اپوزیشن پارٹیوں کے کچھ لیڈر وں کی اناکو مطمئن کرنے کیلئے پیش کی ہے ۔کئی دیگر ارکان نے بھی بحث میں حصہ لیا۔**

**ادھر راجیہ سبھا میں آج دیہی ترقی کی وزارت کے کام کاج سے متعلق بحث دوبارہ شروع ہوئی .**

***........اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔**

**جموں پولیس**

**راجوری پولیس نے نوشہرہ علاقے میں غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے تین ٹریکٹروں اور ایک JCB کو ضبط کیا۔**

**سانبہ پولیس نے اسی طرح کی کارروائی کے دوران چار ڈمپروں کو ضبط کیا ہے۔**

**ڈوڈہ پولیس نے مبشر حسین، مزمل راجا بیگ اور خالد شاہ نامی تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔**

**جموں رورل پولیس نے دومانا کے نزدیک ابھیجیت سنگھ اور نوجوتسنگھ نامی دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ مقدار میں ہیروئن ضبط کی ہے۔**

**کشمیر پولیس**

**پولیس نے اننت ناگ میں منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج ہال مولہ اور کے وی پورہ مرہامہ سے دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔**

**گاندربل میں پولیس نے غیر قانونی کان کنی سرگرمیوں کی پاداش میں دو ٹریکٹروں کو ضبط کیا۔**

پولیس نے کولگام ضلعے کے مختلف علاقوں میں با زاروں کا اچانک دورہ کر کے وہاں جراثیم کُش ادویات اور کھادیں بیچنے والی دکانوں کا معائنہ کیا تاکہ کسانوں تک اعلیٰ معیار کے زرعی Inputs پہنچائے جا سکیں۔

**کشمیرIGP**

کشمیر IGP وی کے بردی نے آج پولیس کنٹرول روم سرینگر میں آنے والے تہواروں اور دیگر تقاریب کے سلسلے میں کئے جا رہے سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے حساس مقامات پر نظر گذر رکھیں۔ انہوننے کہا کہ قوم دشمن عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جانا چاہئے۔

**ریلوے**

مسافروں کی سہولت کےلئے ریلوے ڈویژن جموں نے جموں راجدھانی ایکسپریس میں7،13،14 اور15مارچ کو ایک اضافی III AC جوڑ نے کا فیصلہ کیا ہے۔

**رجسٹریشن**

ٹیکسٹائلز کی مرکزی وزارت نے سال2025کیلئے قومی ہینڈی کرافٹس ایوارڈس اور پنشن اسکیم برائے2025-26 کیلئے رجسٹرڈ کاریگروں اور ہنر مندوں سے درخواستیں طلب کیں ہیں۔ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم ڈیپارٹمنٹ کشمیر کے مطابق سرینگر، بڈگام اور گاندربل اضلاع کے رجسٹرڈ کاریگران ایوارڈس کیلئے31مارچ تک اپنے درخواست دے سکتے ہیں۔ جبکہ پنشن اسکیم کیلئے درخواستیں جمع کرنے کی تاریخ2اپریل مقرر کی گئی ہے ۔ کاریگر اپنی درخواستیں آن لائن ویب سائٹwww.indian.handricrafts.gov.in پر جمع کر اسکتے ہیں۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونو کشمیر میں اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت12 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 46 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر36منٹ پر ہو گا۔